بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## حرفِ اوّل

# قرآن کالج میں ایف اے کے نئے داخلے

حسبِ اعلان قرآن کالج کی ایف اے کلاس کے لیے نئے داخلے اوائل جون سے شروع ہو گئے تھے اور اب داخلوں کا معاملہ آخری مرحلے میں داخل ہو چکا ہے۔ داخلے کے خواہشمند طلبہ داخلہ ٹسٹ کے مرحلے سے گزر چکے ہیں، آئندہ چند روز میں انٹرویوز کے بعد ان شاء اللہ اس معاملے کو حتمی شکل دے دی جائے گی۔

کالج ہاسٹل کی تنگ دامانی کو دیکھتے ہوئے ہم نے نئے داخلوں کے لیے اخباری اعلان کو صرف لاہور شہر تک محدود رکھا تھا۔ روزنامہ 'جنگ' اور روزنامہ 'نوائے وقت' کے صرف لاہور ایڈیشنز میں کالج کی طرف سے اعلانِ داخلہ شائع ہوا تھا۔ اس کے باوجود بیرونِ لاہور سے موصول ہونے والی درخواستوں کی تعداد نسبتاً زیادہ تھی۔ اس کا سبب یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہمارا اصل حلقہ تعارف قارئینِ 'میثاق'، 'حکمتِ قرآن' ہی پر مشتمل ہے تحریک رجوع الی القرآن کی پکار کو سمجھنے والے لوگ یہی ہیں اور یوں اس معاملے میں سب سے بڑھ کر ذمہ داری بھی انہی پر عائد ہوتی ہے۔

اس سال موصول ہونے والی درخواستوں کی کُل تعداد ۵۴ تھی۔ ان میں سے ۴۵ طلبہ داخلہ ٹسٹ میں شریک ہوئے۔ ٹسٹ کی بنیاد پر ۴ طلبہ کو نااہل قرار دیا گیا۔ بقیہ ۴۱ کو انٹرویو کے لیے طلب کیا گیا ہے۔ اندازہ یہ ہے کہ ایف اے کی یہ آئندہ کلاس قریباً ۲۵ طلبہ پر مشتمل ہو گی۔ گویہ صورت حال کچھ زیادہ غیر تسلی بخش نہیں ہے تاہم یہ طے ہے کہ تحریک رجوع الی القرآن کے وابستگان اگر قرآن کالج کے نوزائیدہ پودے کو ایک تناور درخت کی شکل میں دیکھنے کے خواہشمند ہیں تو آئندہ انہیں زیادہ محنت کرنا ہو گی اور اپنی ترجیحات کی فہرست میں اسے دوسری بہت سی چیزوں پر مقدم رکھنا ہو گا۔

d.com